## اللہ تعالیٰ نے حضور اکرمؐ کو سارے عالمین کیلئے رحمت بنا کر بھیجا ہے، الطاف حسین

## حضور اکرمؐ سے سچی محبت کا تقاضہ ہے کہ پاکستان میں مذہبی رواداری اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو فروغ دیا جائے

## پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں کو جشن عید میلا دالنبیؐ کی دلی مبارکباد

لندن۔۔۔26، فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں کو نبی آخرالزماں حضرت محمد مصطفیٰؐ کے یوم ولادت کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو تمام عالمین کیلئے رحمت بنا کر بھیجا ہے اور سرکار دو عالمؐ کی سیرت طیبہ دنیا بھر کے انسانوں کیلئے مشعل راہ ہے۔ جشن عید میلا دالنبیؐ کے موقع پر اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ حضور اکرم حضرت محمد مصطفیٰؐ نے اپنے عمل و کردار اور حسن اخلاق سے دین اسلام کی تبلیغ کی ہے اور جو دہشت گرد عناصر اسلام کا نام لیکر دنیا کو جہنم بنا رہے ہیں وہ دین اسلام اور سرکار دو عالمؐ کی تعلیمات کی صریحاً خلاف ورزی کر رہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ حضور اکرمؐ سے سچی محبت کا تقاضہ ہے کہ پاکستان میں مذہبی رواداری اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو فروغ دیا جائے، ایک دوسرے کے مسالک اور عقیدے کا احترام کیا جائے اور نبی کریمؐ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر دنیا کو امن کا گہوارہ بنانے کیلئے عملی جدوجہد کی جائے۔ جناب الطاف حسین نے تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام سے اپیل کی کہ وہ مسلمانوں کے درمیان نفاق پیدا کرنے والے عناصر سے ہوشیار رہیں، اپنی صفوں میں اتحاد اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھیں اور اپنی تقاریر میں سرکار دو عالمؐ کی سیرت طیبہ پر روشنی ڈالنے کے ساتھ ساتھ اتحاد و یکجہتی اور بھائی چارے کا بھی درس دیں۔

## وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی کی حق پرست وفاقی وزیر بابر خان غوری کی جانب سے دیئے گئے ظہرانے میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنویز انیس احمد قائم خانی، گورنر سندھ، وزیر اعلیٰ سندھ، اور دیگر شخصیات بھی موجود تھیں

کراچی۔۔۔26، فروری 2010ء

وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی نے جمعہ کے روز متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست وفاقی وزیر برائے پورٹ اینڈ شپنگ بابر خان غوری کی جانب سے اپنی رہائشگاہ پر دیئے گئے ظہرانے میں شرکت کی۔ ظہرانے میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنویز انیس احمد قائم خانی، رابطہ کمیٹی کے رکن رضا ہارون، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور اسپیکر سندھ اسمبلی نثار کھوڑو بھی موجود تھے۔ وزیراعظم گیلانی ظہرانے کے بعد ایک گھنٹے تک رہے اور اس موقع پر ملک کی مجموعی سیاسی، معاشی اور اقتصادی صورتحال کے علاوہ باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

## ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر کے کارکن محمد زبیر کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔26، فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 74 کے کارکن محمد زبیر کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## موجودہ حالات میں جدید تعلیم طلبہ کیلئے وقت کی اہم ضرورت بن چکی ہے، مصطفیٰ کمال

## پیغام امن کرکٹ ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب سے سابقہ سٹی ناظم کا خطاب

## فائنل میں شعبہ ابلاغ عامہ نے پبلک ایڈمنسٹریشن کو 10 وکٹوں سے شکست دیدی

کراچی:۔۔۔26فروری2010ء

موجودہ حالات میں جدید تعلیم طلبہ کیلئے وقت کی اہم ضرورت بن چکی ہے اے پی ایم ایس کی جانب سے کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد قابلِ تعریف ہے، یہ بات سابقہ سٹی ناظم مصطفیٰ کمال نے پیغام امن کرکٹ ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر اے پی ایم ایس او کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری عمران معین اور ارشاد احمد، سیکٹر آرگنائزر و اراکینِ سیکٹر کمیٹی سمیت اساتذہ کرام طلبہ بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او طلبہ کیلئے ہمہ متحرک رہنے والی طلبہ تنظیم کا نام ہے جس نے اپنے بطن سے ایم کیو ایم جیسی جماعت کو جنم دیا الحمداللہ 11 جون 1978ء کو قائد تحریک جناب الطاف حسین نے جامعہ کراچی میں جو پودا لگایا تھا اس کی گھنی چھاؤں ہر مظلوم کیلئے راحت کا باعث ہے۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او اپنی سابقہ روایات کو برقرار رکھتے ہوئے طلبہ میں صحتمندانہ سرگرمیوں کا انعقاد کراتی رہے گی اور تعلیمی میدان میں طلبہ کے حقوق کیلئے ہر ممکن جدوجہد کرتی رہے گی طلبہ کسی بھی معاشرے کی تشکیل کیلئے اپنا اہم کردار ادا کرتے ہیں لہٰذا آپ طلبہ کو اپنی آنیوالی نسلوں کی بقاء و سلامتی کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی زیر قیادت اے پی ایم ایس او کے پلیٹ فارم پر متحد و منظّم ہو کر اجتماعی جدوجہد کرنی ہوگی تاکہ ہم ملک کی ترقی میں مثبت کردار ادا کرسکیں۔انہوں نے کہا کہ ہمیں چاہئے کہ ہم پیغام امن کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد پورے ملک بھر کے تعلیمی اداروں میں کریں اس کرکٹ ٹورنامنٹ سے مختلف طلبہ تنظیموں کے درمیان امن کا پیغام عام ہوگا اور جامعہ کراچی میں تعلیمی عمل پُرامن طریقے سے جاری وساری رہے گا۔دریں اثناء گزشتہ روز جامعہ کراچی، ویلکا گراؤنڈ میں آٹھواں پیغام امن کرکٹ ٹورنامنٹ رنگارنگ اور پرجوش تقریب کے ساتھ اختتام کو پہنچا۔سابق سٹی ناظم مصطفیٰ کمال نے فائنل جیتنے والی شعبہ ابلاغ عامہ کی ٹیم کو ٹرافی دی۔اس موقع پر انہوں نے میچ جیتنے والی ٹیم کو مبارکباد دی اور ساتھ ہی اے پی ایم ایس او جامعہ کراچی سیکٹر کمیٹی کے ذمہ داران و کارکنان کو بھی مبارکباد پیش کی اور اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا اور طلبہ کی اس مثبت کاوش کو سراہا۔سٹی ناظم کی آمد پر طلبہ کی بہت بڑی تعداد نے خیر مقدمی نعروں لگائے اور پھول نچھاور کرکے ان کا استقبال کیا۔ہزاروں کی تعداد میں طلبہ نے فائنل میچ کی تقریب میں شرکت کی۔ٹرافی حاصل کرنے والی شعبہ ابلاغ عامہ کی ٹیم کی سربراہ ڈاکٹر رفیعہ تاج نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پروگرام کے آرگنائزز اور طلبہ تنظیم اے پی ایم ایس او کی یہ سرگرمی لائق ستائش ہے نوجوانوں کو ایسی ہی سرگرمیوں کی آج شدید ضرورت بھی ہے کیونکہ اس سے طلبہ میں آگے بڑھنے کا جوش و ولولہ پیدا ہوتا ہے جو کامیابی کے لئے بہت ضروری ہے۔اس موقع پر انہوں نے جیتنے والی ٹیم کے لئے 5 ہزار روپے نقد انعام کا اعلان بھی کیا۔ابلاغ عامہ کے دونوں اوپنر حارث اور نبیل نے 118 رنز کی پارٹنرشپ کے ساتھ ناٹ آؤٹ رہے۔شعبہ ابلاغ عامہ کے کپتان یاسر نے ٹرافی وصول کی ۔رنر اپ والی شعبہ پبلک ایڈمنسٹریشن کی ٹیم کو ٹرافی دی گئی جبکہ اول تا چہارم پوزیشن پر آنے والی ٹیموں کو میڈل بھی دئے گئے۔مشیر امور طلبہ نے کامیاب ٹیم کے کھلاڑی کو مین آف دی میچ کا ایوارڈ دیا۔ واضح رہے کہ پیغام امن کرکٹ ٹورنامنٹ ایشیا کا سب سے بڑا ''ٹیپ بال'' کرکٹ ٹورنامنٹ تھا جس میں صبح و شام کے 52 سیا زائد شعبہ جات اور 18 ریسرچ سینٹر سے 256 ٹیموں نے حصہ لیا تھا۔

## اے پی ایم ایس او کی جانب سے صحتمندانہ سرگرمیوں سے طلبہ ذہنی و جسمانی طور پر لطف اندوز ہوتے ہیں، شیخ محمد افضل

## شہدائے حق کرکٹ ٹورنامنٹ حق پرست شہداء کی یاد میں منعقد کیا جاتا ہے، حق پرست صوبائی وزیر ماحولیات

## اور اے پی ایم ایس او کے مرکزی نشرواشاعت سیکرٹری منہاج الابراہیم کا شہدائے حق کرکٹ ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب سے خطاب۔

کراچی۔۔۔26فروری2010ء

اے پی ایم ایس او کی جانب سے صحتمندانہ سرگرمیوں سے طلبہ ذہنی طور پر لطف اندوز ہوتے ہیں۔ یہ بات حق پرست صوبائی وزیر ماحولیات شیخ محمد افضل نے اے پی ایم ایس او کے تحت منعقدہ شہدائے حق کرکٹ ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر اے پی ایم ایس او کے مرکزی نشرواشاعت سیکرٹری منہاج الابراہیم اور مرکزی کابینہ کے رکن فرقان علی، نارتھ ناظم آباد سیکٹر انچارج ریحان اکرام، پرنسپل سیفی پولی ٹیکنک انسٹیٹیوٹ و دیگر اساتذہ، طلبہ سمیت سیکٹر کمیٹی و یونٹ کمیٹی کے ذمہ داران و کارکنان بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کسی بھی قوم کا نوجوان طبقہ اگر دورحاضر کے جدید علوم سے آراستہ ہو تو ایسی قوم دنیا کے ترقی یافتہ ممالک اور اقوام میں شمار کی جاتی ہیں اور جس قوم کا نوجوان طبقہ زیورتعلیم سے آراستہ نہ ہو تو ایسی قوم ترقی کے میدان میں پیچھے رہتی ہے۔شہداء حق کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل میچ نارتھ کراچی سیکٹر 5L ڈگری کالج اور

پریمیئر کالج نارتھ ناظم آباد کے درمیان کھیلا گیا جس میں نارتھ کراچی سیکٹر 5L کالج کی ٹیم کے کھلاڑیوں نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پریمیئر کالج نارتھ ناظم آباد کی ٹیم کوشکست دی۔حق پرست صوبائی وزیر ماحولیات شیخ محمد افضل اوراے پی ایم ایس او کے مرکزی نشرواشاعت سیکرٹری منہاج الا ابراہیم اورمرکزی کمیٹی کے رکن فرقان علی نے میچ میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والی ٹیم کے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے۔اس موقع پرصوبائی وزیر نے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کرکٹ ٹورنامنٹ کے انعقاد پراے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ اورسیکٹر آرگنائزر وارا کینِ سیکٹر کمیٹی کومبارکباد پیش کی جنھوں نے اس کرکٹ ٹورنامنٹ کے انعقاد کو یقینی بنایا۔ اے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ کےنشرواشاعت سیکریٹری منہاج الا براہیم نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شہدائے حق کرکٹ ٹورنامنٹ حق پرست شہداء کی یاد میں منعقد کیا جاتا ہے۔تمام تحریکی ساتھیوں کو چاہئے کہ ہر موقع پرحق پرست شہدا کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھیں ،حق پرست شہدا کی قربانیوں کو ہرگز فراموش نہ کریں اوراپنی منزل کے حصول تک اپنی جدوجہد جاری رکھیں۔انہوں نے اس موقع پر کرکٹ ٹورنامنٹ کے انعقاد پراے پی ایم ایس او کی سیکٹر آرگنائزر وارا کینِ سیکٹر و یونٹ کمیٹیز کے ذمہ داران وکارکنان کومبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

## مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے کارکن محمد زبیر شہید ہوگئے

## محمد زبیر کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے ،رابطہ کمیٹی

کراچی ۔۔۔26،فروری2010ء

مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے متحدہ قومی موومنٹ کورنگی سیکٹر یونٹ 74 کے کارکن محمد زبیر شہید ہوگئے ۔تفصیلات کے مطابق محمد زبیر کورنگی نمبر 5 سی ایریا میں تھے کہ مسلح دہشت گردوں نے انہیں فائرنگ کا نشانہ بنایا جس کے باعث وہ موقع پر شہید ہوگئے ۔شہید کی عمر 21 سال تھی اوران کے سوگواران میں والدین ،6 بھائی اور 3 بہنیں شامل ہیں۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 74 کے کارکن محمد زبیر کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ محمد زبیر کا قتل شہر کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش کا حصہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے محمد زبیر شہید کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے صدرمملکت آصف علی زرداری ،وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی ،وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک ،گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ محمد زبیر کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اوراس میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کر کے قرارواقعی سزا دی جائے۔

## معروف گلوکار تحسین جاوید کے بھائی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔26،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے معروف گلوکار تحسین جاوید کے بھائی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے تحسین جاوید سمیت مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔( آمین )

## اردو زبان کسی کی محتاج نہیں ہے، ڈاکٹر صغیر احمد پاکستان کے آئین اور قائداعظم محمد علی جناح نے بھی اردو کو قومی زبان قرار دیا ہے
## صوبہ سرحد کے سینئر وزیر بشیر بلور کے بیان پر تبصرہ

کراچی۔۔۔26،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور حق پرست صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر صغیر احمد نے صوبہ سرحد میں عوامی نیشنل پارٹی سے تعلق رکھنے والے سینئر وزیر بشیر بلور کے بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اردو زبان کے حوالہ سے بشیر بلور کا بیان ملک بھر کے محبّ وطن عوام کی دل آزاری کا سبب بن رہا ہے۔ایک بیان میں ڈاکٹر صغیر احمد نے کہا کہ یہ امر انتہائی افسوسناک ہے کہ اردو زبان کی اہمیت سے انکار کرنے والے خود اردو زبان میں بات کرنے پر مجبور ہیں اور انہیں اندازہ ہے کہ اردو زبان کا سہارا لئے بغیر وہ اپنی بات ملک بھر کے عوام تک نہیں پہنچا سکتے۔انہوں نے سوال کیا کہ کیا محترم بشیر بلور اس حقیقت سے انکار کرسکتے ہیں کہ پاکستان کے آئین میں اردو کو قومی زبان قرار دیا گیا ہے اور بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح نے بھی اردو کو قومی زبان قرار دیا تھا۔انہوں نے کہا کہ اگر بشیر بلور کے بقول اردو قومی زبان نہیں ہے تو ہم ان سے مؤدبانہ درخواست کرتے ہیں کہ وہ آئندہ اپنی تقریر اور تحریر میں اردو زبان کو زحمت دینے کے بجائے اس زبان میں اظہار خیال کریں جسے وہ قومی زبان سمجھتے ہیں۔

## جشن عیدمیلادالنبیﷺ، نائن زیرو اور اطرف کی گلیوں کو برقی قمقموں اور جھالروں سے سجادیا گیا
## مغرب کی اذان کے بعد چراغاں نمایاں ہوگیا، برقی قمقموں سے کی گئی سجاوٹ کے باعث نائن زیرو جگمگا اٹھا

کراچی۔۔۔26،فروری2010ء

جشن عیدمیلادالنبیﷺ کے موقع پر متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو، پبلک سیکریٹریٹ خورشید بیگم میموریل ہال، ایم پی اے ہاسٹل اور اطراف کی گلیوں کو برقی قمقموں اور جھالروں سے سجادیا گیا ہے۔اس سلسلے میں کی گئی سجاوٹ مغرب کی اذان کے بعد نمایاں ہوگئی اور ہر جانب رنگ ونور دکھائی دیا جس کے باعث نائن زیرو بھی جگمگا اٹھا۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور دیگر شعبہ جات کے ذمہ داران نے نائن زیرو اور اطراف کی گلیوں کا دورہ کرکے جشن عیدمیلادالنبیﷺ کے سلسلے میں کی گئی سجاوٹ کا جائزہ لیا اور سجاوٹ دیکھنے کیلئے آنے والوں کو قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے عیدمیلادالنبیﷺ کی دلی مبارکباد پیش کی۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کی بھابھی محترمہ کفیلہ خاتون کا سوئم

کراچی۔۔۔26،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کی بھابھی محترمہ کفیلہ خاتون مرحومہ کا سوئم عنبرین اپارٹمنٹ گلشن اقبال میں واقع مسجد اقصیٰ میں ہوا جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی۔سوئم کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری۔۔۔۔۔،حق پرست رکن سندھ اسمبلی مزمل قریشی، گلشن اقبال ٹاؤن کے سابق حق پرست ناظم واسع جلیل، گلشن اقبال ٹاؤن کے سابق حق پرست یوسی ناظمین، کونسلرز، کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحومہ کے عزیزواقارب نے شرکت کی۔

☆☆☆☆☆